STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

# سہارا فیملی ہیلتھ انشورنس پلان

آپ کے خاندان کی صحت، ہمارا وعدہ۔

# پروڈکٹ کا مقصد

اس پلان کا مقصد افراد اور خاندانوں کو بیماری یا حادثاتی ہنگامی صورتحال میں مالی تحفظ فراہم کرنا ہے، جس کے لیے ہسپتال میں داخلہ اور طبی علاج کی ضرورت ہو۔ یہ پلان پالیسی ہولڈرز کو مکمل ان پیشنٹ (Inpatient) طبی کوریج اور دیگر متعلقہ فوائد کے ذریعے صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات کو منظم کرنے میں مدد کرتا ہے۔

# کوریج کادائرہ کار

سہارا فیملی ہیلتھ انشورنس پلان اسٹیٹ لائف کے نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس (Cashless) علاج کی سہولیات کے ذریعے جامع ہیلتھ کوریج فراہم کرتا ہے۔

- ہسپتال میں داخلے کے اخراجات
- ڈے کیئر ٹریٹمنٹ (24 گھنٹے سے کم کا علاج)
- ایمرجنسی ایمبولینس اور میڈیکل ایویکوایشن (منتقلی)
- ہسپتال میں داخلے سے پہلے اور بعد کے اخراجات
- تشخیصی ٹیسٹ اور انویسٹی گیشن
- اسٹروک یونٹ کے اخراجات / (CCU) سی سی یو / (ICU) آئی سی یو
- اور امپلانٹڈ ڈیوائسز (Prosthetics) مصنوعی اعضاء
- زچگی کے فوائد (اختیاری)
- پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج (پالیسی کی شرائط کے مطابق)



# کون حاصل کرسکتا ہے؟

اس انشورنس پلان کے لیے درج ذیل افراد اہل ہیں:

- 18 سے 64 سال کی عمر کے پاکستانی مرد اور خواتین
- بیمہ شدہ شخص کا شریک حیات (بیوی / شوہر)
- 0 ماہ سے 17 سال تک کے بچے

یہ پلان خاص طور پر ان خاندانوں کے لیے بنایا گیا ہے جو سستی اور قابل اعتماد صحت کی دیکھ بھال کا تحفظ چاہتے ہیں۔

# پالیسی کی مدت اور تجدید



- پالیسی کی مدت ایک (1) سال ہے
- پالیسی کو سالانہ بنیادوں پر تجدید کیا جا سکتا ہے
- تجدید، تجدید کے وقت لاگو شرائط و ضوابط کے تابع ہے
- پریمیم کی شرح میں اسٹیٹ لائف ہر سال نظر ثانی کر سکتی ہے

# اہم فوائد اور کوریج کی تفصیلات

## ان پیشنٹ کیئر (ہسپتال میں داخلہ)

ہسپتال میں داخلے کے درج ذیل اخراجات شامل ہیں:

- طبی ماہرین کی فیس، تشخیصی ٹیسٹ، ادویات، اور استعمال کی اشیاء
- انٹراوینس فلوئیڈ، خون کی منتقلی، اور انجیکشن کے چارجز
- آپریشن تھیٹر کے اخراجات
- سرجیکل پروسیجر کے دوران لگائے گئے مصنوعی اعضاء یا دیگر طبی آلات
- آئی سی یو / سی سی یو / اسٹروک یونٹ کے اخراجات اور لیب ٹیسٹ

## ہسپتال میں رہائش

ہم ہسپتال میں قیام کے دوران کمرے کے کرایے کے مناسب اور مروجہ اخراجات ادا کریں گے۔

# ڈے کیئر ٹریٹمنٹ

24 گھنٹے سے کم ہسپتال میں داخلے کے علاج کی کوریج، بشمول کیمو تھراپی، ریڈیو تھراپی، ڈائیلاسز وغیرہ۔ نوٹ: او پی ڈی (OPD) علاج اس پالیسی میں شامل نہیں ہے۔

# ایمرجنسی ایمبولینس اور میڈیکل ایویکوایشن

ہنگامی صورتحال میں قریبی ہسپتال منتقلی کے اخراجات اسٹیٹ لائف برداشت کرے گی۔

# جنرل ویٹنگ پیریڈ (انتظار کا عرصہ)

بیماری سے متعلق کوریج، مکمل درخواست اور پریمیم جمع کروانے کے 60 دن بعد شروع ہوگی۔ حادثات سے متعلق کوریج فوری طور پر شروع ہو جاتی ہے۔

# پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج

مسلسل تجدید کے ساتھ یہ کوریج مرحلہ وار فراہم کی جاتی ہے:

| Renewal Year | Coverage |
|---|---|
| Year 1 | 20% |
| Year 2 | 40% |
| Year 3 | 60% |
| Year 4 | 80% |
| Year 5 & Onwards | 100% |

# فوائد/دستیاب پلانز

| فوائد | S1 | S2 | S3 | S4 | S5 | S6 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سالانہ ہسپتال کی حد | 100,000 | 250,000 | 500,000 | 750,000 | 1,000,000 | 1,500,000 |
| حادثاتی ایمرجنسی کی حد | 50,000 | 125,000 | 250,000 | 375,000 | 500,000 | 750,000 |
| کمرے کی سہولت | جنرل وارڈ | سیمی پرائیویٹ | پرائیویٹ | پرائیویٹ | پرائیویٹ | پرائیویٹ |
| ہسپتال میں داخلے سے پہلے/بعد (ٹیسٹ، مشورہ و ادویات) | 30 دن | 30 دن | 30 دن | 30 دن | 30 دن | 30 دن |
| او پی ڈی (OPD) | نہیں | نہیں | نہیں | نہیں | نہیں | نہیں |
| انتظار کا عرصہ | 60 دن | 60 دن | 60 دن | 60 دن | 60 دن | 60 دن |
| خصوصی تشخیصی ٹیسٹ | ہسپتال میں داخلے کے دوران کیے جانے والے لیبارٹری ٹیسٹ اور دیگر ضروری تشخیصی معائنے کوریج میں شامل ہوں گے۔ | | | | | |
| پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج | پہلے سے موجود بیماریوں کا علاج متعلقہ پلان کی مقررہ حد تک قابل کوریج ہوگا۔ | | | | | |

- خصوصی تفتیش: ہسپتال میں داخل مریضوں کی لیب اور دیگر ٹیسٹ جو ہسپتال کے دوران کیے جائیں۔
- پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج: مقرر کردہ حدود کے مطابق کور کی جاتی ہے۔

یہ کوریج 18 سے 64 سال کی عمر کے مردوں اور خواتین، اور ان کے بچوں (0 ماہ سے 17 سال تک) کے لیے لاگو ہے۔

# لائلٹی ریوارڈ پروگرام

مسلسل تجدید کے ساتھ تین (3) پالیسی سال کامیابی سے مکمل کرنے پر، اور ان تین (3) مسلسل سالوں کے دوران کوئی کلیم نہ ہونے کی صورت میں، گزشتہ تین سالوں کے دوران ادا کیے گئے پریمیم کا ایک تہائی (33.33٪) حصہ چوتھے (4) پالیسی سال کے آغاز پر فیملی او پی ڈی (OPD) والٹ میں جمع کر دیا جائے گا۔

نوٹ:

لائلٹی ریوارڈ کے فائدے کی رقم تجزیے کی بنیاد پر تبدیل ہو سکتی ہے۔

# اختیاری زچگی کی کوریج (خواتین ممبران کے لیے)

خواتین ممبران زچگی کی اختیاری کوریج کا انتخاب کر سکتی ہیں۔

## زچگی کے اختیارات

| آپشن | انتظار کا دورانیہ (Waiting Period) | کوریج (Coverage) | کو-پیمنٹ (Co-payment) |
|---|---|---|---|
| آپشن 1 | کوئی نہیں | قابل ادائیگی اخراجات کا 1% | 90% |
| آپشن 2 | 10 ماہ | قابل ادائیگی اخراجات کا 10% | کچھ نہیں (Nil) |

## رائڈر پلانز

| رائڈر پلانز | زچگی کے فائدے کی حد (Maternity Benefit Limit) | آپشن 1 کی قیمت | آپشن 2 کی قیمت |
|---|---|---|---|
| پلان SM1 | 30,000 | 3,000 | 7,500 |
| پلان SM2 | 75,000 | 7,500 | 18,750 |
| پلان SM3 | 150,000 | 15,000 | 37,500 |



# پریمیم ریٹس

خواتین ممبران زچگی کی اختیاری کوریج کا انتخاب کر سکتی ہیں۔

| Age Group | Plan S1 | Plan S2 | Plan S3 | Plan S4 | Plan S5 | Plan S6 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 to 17 | 6,556 | 11,402 | 16,270 | 26,933 | 34,036 | 50,337 |
| 18-20 | 6,235 | 10,776 | 15,401 | 25,438 | 32,425 | 47,667 |
| 21-25 | 6,209 | 10,738 | 15,345 | 25,349 | 32,287 | 47,490 |
| 26-30 | 7,064 | 12,017 | 17,248 | 28,321 | 36,906 | 53,430 |
| 31-35 | 8,309 | 13,947 | 20,213 | 32,998 | 44,142 | 62,998 |
| 36-40 | 9,446 | 15,607 | 22,625 | 36,734 | 49,971 | 70,326 |
| 41-45 | 10,798 | 17,621 | 25,609 | 41,389 | 57,211 | 79,602 |
| 46-50 | 11,274 | 18,317 | 26,622 | 42,959 | 59,660 | 82,684 |
| 51-55 | 16,827 | 26,792 | 39,467 | 63,132 | 90,933 | 110,647 |
| 56-60 | 23,229 | 36,238 | 53,336 | 84,696 | 124,520 | 146,829 |
| 61-64 | 27,217 | 42,229 | 62,286 | 98,689 | 146,259 | 170,942 |

## اہم نوٹس:

پریمیم کی شرح پر ایس ایل آئی سی (SLIC) نظر ثانی کر سکتی ہے۔
تمام رقوم پاکستانی کرنسی (PKR) میں ہیں۔
پریمیم کی شرح میں فیڈرل انشورنس فیس، سٹیمپ ڈیوٹی اور پالیسی فیس شامل نہیں ہے۔

ڈس کلیمر: یہ بروشر فوائد کا خلاصہ ہے اور انشورنس کا حتمی معاہدہ نہیں ہے۔ حتمی شرائط پالیسی دستاویز کے مطابق ہوں گی۔

# اسٹیٹ لائف ہیلتھ پلس موبائل ایپ

صارفین اسٹیٹ لائف کی آفیشل 'ہیلتھ پلس ایپ' کے ذریعے اپنی ہیلتھ انشورنس کو آسانی سے مینیج کرسکتے ہیں۔

- ڈیجیٹل ہیلتھ کارڈ
- ہسپتال نیٹ ورک کی تفصیلات
- کلیم ٹریکنگ (کلیم کی پیش رفت جاننا)
- فیملی کوریج کی معلومات
- پالیسی مینیجمنٹ
- او پی ڈی (OPD) والٹ تک رسائی
- لائلٹی ریوارڈ کی تفصیلات
- شکایات اور سپورٹ سروسز

ANDROID APP ON Google play

Available on the iPhone App Store




## فیملی او پی ڈی والٹ فیچر

اسٹیٹ لائف ہیلتھ پلس موبائل ایپ میں اہل پالیسی ہولڈرز کے لیے ایک خصوصی 'فیملی او پی ڈی والٹ' موجود ہے۔ مسلسل تجدید کے ساتھ تین سال کلیم فری (بغیر کسی کلیم کے) پالیسی سال مکمل کرنے کے بعد، لائلٹی ریوارڈز خود بخود والٹ میں کریڈٹ ہو جاتے ہیں۔

صارفین موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے براہ راست والٹ بیلنس اور ریوارڈ کی تفصیلات آسانی سے چیک کرسکتے ہیں۔



## CONTACT US


info@statehealth.com.pk

State Life Tower, Jinnah Avenue,
F-7/4, Blue Area, Islamabad.

0800 09009 | 0800 07007


STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

statehealth.com.pk

Your family's health is priceless — protect it with Sahara Family Health Insurance today.